تبصرے

حیات سید اشرف جہانگیر سمنانی رح

مرتب: ڈاکٹر سید وحید اشرف کچھوچھوی

سائز ۲۰×۳۰/۸ قیمت مجلد بیس روپے

ملنے کا پتہ: مولوی سید قدیر احمد کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد (یوپی)

سلسلہ چشتیہ کے نامور بزرگ و عالم و مبلغ اسلام جناب سید اشرف جہانگیر سمنانی رح کے حالات زندگی پر پہلی تحقیقی کتاب ہے جسے حضرت جہانگیر سمنانی رح ہی کے خاندان کے ایک ممتاز رکن جناب ڈاکٹر سید وحید اشرف صاحب نے خاصی محنت و کاوش سے مرتب کی ہے، اگرچہ اس کتاب کا محور و مرکز زیادہ تر خود حضرت سمنانی رح کے ملفوظات کا مجموعہ موسوم لطائف اشرفی ہے لیکن مرتب موصوف نے تحقیق حال کے ان دیگر ذرائع کا دامن بھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا ہے جو انھیں مل سکے، حضرات اولیاء و صوفیائے کرام کے تذکروں میں رطب و یابس کا امتزاج اس درجہ غلو کے ساتھ پایا جاتا ہے کہ اصل حقائق کو گرفت میں لانا محال ہو جاتا ہے تذکرہ نگاروں کی زیادہ کوشش کرامات کے بیان تک محدود رہتی ہے اور اس بیان میں اکثر مبالغوں اور تعلّیوں کا بھی زور نظر آتا ہے، حضرات اولیاء کرام کے تذکرہ نویسوں میں سے بعض نے اپنے ممدوحین کی کرامات کا بیان کرتے ہوئے